# 31-08-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔حیدرآباد میں موسیٰ ندی میں ایک لاکھ 50 ہزار کیوسک تک سیلابی پانی آنے کے باوجود قابلِ برداشت موسیٰ رام باغ ہائی لیول برج کا وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے افتتاح کیا۔

۲۔وزیرزراعت تملا ناگیشورراؤ نے بتایا کہ اگری اسٹیک پرمبنی کھادوں کی تقسیم کے نظام میں پہلا سنگِ میل مکمل کرنے پر مرکزی حکومت نے تلنگانہ کے لںے 175 کروڑ روپے کی ترغیبی رقم منظور کی ہے۔

۳۔ریاست کے سرکاری اسپتالوں میں فرٹیلیٹی اور آئی وی ایف خدمات کومزید وسعت دینے کی وزیر صحت داموددراج نرسمہا نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے۔

اور

۴۔مرکزی وزیر کشن ریڈی نے آج محبوب نگر ضلع کے دورے کے دوران مقامی رکن پارلیمنٹ ڈی کے ارونا کے ہمراہ محبوب نگر ریلوے اسٹیشن پر جاری جدید کاری کے کاموں کا معائنہ کیا۔

G. Kishan Reddy

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے آج تلنگانہ کے ضلع جوگولامبا گدوال کا دورہ کیا۔ جہاں انہوں نے بالا برہمیشورسوامی مندر میں خصوصی درشن کئے اور ریاست میں امن وسلامتی کیلئے خصوصی پوجا کی۔اس کے بعد 6 کروڑ 70 لاکھ روپیوں کی لاگت سے جدید طرز پر تعمیر کئے جارہے جوگولامبا گدوال ریلوے اسٹیشن کے کاموں کا جائزہ لیا۔میڈیا سے بات کرتے ہوے کشن ریڈی نے کہا کہ تلنگانہ کے جملہ 42 ریلوے اسٹیشنوں کی تزین نو کا کام تیزی سے جاری ہے۔انھوں نے کہا کہ قاضی پیٹ ریل مینوفیکچرنگ یونٹ کو بہت جلد شروع کیا جائے گا اور مستقبل میں حیدرآباد سے بنگلورو۔پونے جیسے شہروں کیلئے بلٹ ٹرین چلانے کا منصوبہ ہے۔کشن ریڈی نے کہا کہ تلنگانہ بھر میں 80 ہزار کروڑ روپیوں کے ریلوے کے کام چل رہے ہیں۔مرکزی وزیر کشن ریڈی نے آج محبوب نگر ضلع کے دورہ کے دوران مقامی رکن پارلیمنٹ ڈی

کے ارونا کے ہمراہ محبوب نگر ریلوے اسٹیشن پر جاری جدید کاری کے کاموں کا معائنہ کیا۔

Sound Byte : Kishan Reddy

PTC - Jogulamba Gadwal

CMO Office

وزیراعلی ریونت ریڈی کی قیادت میں چل رہی پرجا پالنا حکومت کے 1000 دن مکمل ہوگئے ہیں ۔اس سلسلہ میں چیف منسٹر کے دفتر نے ایک حکم نامہ جاری کرتے ہوے اس بات کی جانکاری دی۔سی ایم او کے مطابق تلنگانہ بھر میں ترقی ۔سماجی انصاف ۔گروہا جوتی۔خواتین کو مفت بس میں سفر کی سہولت ۔کسانوں کے قرض معافی جیسے کئی فلاحی اسکیموں کامیابی کے ساتھ چل رہی ہیں اور جس کا عوام کو راست طور پر فائدہ پہنچ رہا ہے۔اسی طرح ریاست کی آمدنی میں اضافہ کے ساتھ ساتھ آئی ٹی اور زرعی شعبہ میں بھی خاطر خواہ کامیابی حاصل کرلی گئی ہے ۔ ینگ انڈیا اسکلس یونیورسٹی۔موسی ندی کی بازیابی ۔نئی صنعتوں کے ساتھ ساتھ سرمایہ کاری میں بھی اضافہ ہوا ہے اور مستقبل میں بھی اسی طرح کے فلاحی و ترقیاتی کام جاری رہیں گے۔

Desk

N. Uttam Kumar Reddy

ریاستی وزیراتم کمار ریڈی نے ریاست میں پرجا پالنا حکومت کیکامیاب 1000 دن کی تکمیل پر خوشی کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ بی آر ایس کی ناکارہ حکومت کو شکست دے کر ریاست میں عوامی حکومت قائم کی گئی ہے ۔پرجا پالنا حکومت میں خواتین کو مفت بس میں سفر کی سہولت ۔قرضوں کی معافی ۔ باریک چاول کی سپلائی ۔اندرما مکانات کی فراہمی جیسے کئی فلاحی اسکیمیں کامیابی کے ساتھ چل رہی ہے اور مستقبل میں بھی یہ سلسلہ جاری رہے گا۔

Desk

Chiranjeevi

ماحولیات کے تحفظ اور ہریالی میں اضافہ کے مقصد سے مٹی کے بنے گنیش اور سیڈ گنیش کی پوجا کرنے کی معروف فلم اداکار چرنجیوی نے اپیل کی ہے۔انہوں نے 'گرین انڈیا چیلنج' کی جانب سے تیار کردہ سیڈ گنیش کی مورتیوں کی اپنی رہائش گاہ پر رونمائی کی۔ تقریب میں شریک 'گرین انڈیا چیلنج' کے بانی اور سابق رکن پارلیمنٹ سنتوش کمار نے کروڑوں پودے لگانے کے لئے عوام کو ترغیب دینے پر چرنجیوی کی ستائش کی۔انہوں نے کہا کہ اس ماحول دوست مہم کے لئے ان کی جانب سے مکمل تعاون حاصل رہیگا۔

Desk

Sports and Fitness Programs

قومی کھیلوں کے دن کے موقع پر تلنگانہ اسپورٹس اتھارٹی کے زیر اہتمام 28 سے 30 اگست تک منعقد کئے گئے کھیل اور فٹنس پروگرام کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہو گئے۔میجر دھیان چند کی یوم پیدائش کے موقع پر خصوصی کھیلوں کے مقابلوں اور سائیکل رنز کا انعقاد کیا گیا جن کے ذریعہ عوام میں جسمانی فٹنس کے حوالے سے شعور بیدار کیا گیا۔ان پروگراموں کا مقصد نوجوانوں میں کھیلوں کے تئیں دلچسپی اور جسمانی فٹنس کو فروغ دینا تھا۔

Desk

Weather

جنوب مغربی مانسون کے اثر کے باعث تلنگانہ کے کئی اضلاع میں ہلکی سے درمیانی بارش کا امکان ہے۔ حیدرآباد محکمہ موسمیات نے بتایا کہ حیدرآباد اور میڑچل اضلاع میں بعض مقامات پر موسلا دھار بارش ہوسکتی ہے۔حکام نے گاڑی چلانے والوں اور نشیبی علاقوں میں رہنے والے لوگوں کو چوکس رہنے کی اپیل کی ہے۔منچریال، نظام آباد، سدی پیٹ سمیت دیگر اضلاع میں گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔اس لئے کھیتوں میں کام کرنے والے کسانوں کو احتیاط برتنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔

Desk

Chief Secretary

ریاست میں جاری ریلوے پروجیکٹس سے متعلق زیرالتوا امور کو تیزی سے حل کرنے کی چیف سکریٹری سنیجے جاجو نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے۔ سکریٹریٹ میں جنوبی وسطی ریلوے کے جنرل منیجر سنجے کمار سریواستو کے ساتھ منعقدہ اجلاس میں چیف سکریٹری نے بتایا کہ 50,870 کروڑ روپے کی تخمینی لاگت سے 17 ریلوے پروجیکٹس کے لئے 2,023 کلومیٹر طویل توسیعی کام کے ڈی پی آر پیش کئے گئے ہیں۔ اجلاس میں اراضی کے حصول، مختلف اجازت ناموں، ریلوے انڈر پاسس اور اوور برجوں کی تعمیر سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔ چیف سکریٹری نے متعلقہ محکموں کو مشترکہ معائنہ کرنے کی ہدایت دی۔ انہوں نے پی ایم گتی شکتی کے تحت فنڈس کے حصول کے لئے ڈی پی آر تیار کرنے کے ساتھ ساتھ ORR اور RRR کے دائرہ کار میں ٹرمینلز اور بلٹ ٹرین روٹس کے لئے منصوبے تیار کرنے کی بھی ہدایت دی۔

Desk

Ponnam

تلنگانہ میں کانگریس حکومت کے ایک ہزار دن مکمل ہونے کے موقع پر ریاستی وزیر ٹرانسپورٹ و بی سی بہبود پونم پربھاکر نے کہا کہ عوام سے کئے گئے وعدوں کو مرحلہ وار پورا کیا جارہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ خواتین کو مفت بس میں سفر کی سہولت کے ذریعہ 12 ہزار 75 کروڑ روپے کا فائدہ پہنچایا گیا ہے۔ رعیّتو بھروسہ کے تحت 36 ہزار کروڑ روپے اور کسانوں کی قرض معافی کے لئے 20 ہزار کروڑ روپے خرچ کئے گئے ہیں۔ وزیر نے کہا کہ ایک ہزار دنوں کے دوران 72 ہزار ملازمتوں پر بھرتیاں کی گئی ہیں، جبکہ ساڑھے چار لاکھ اندراماں مکانات کی تعمیر کا کام شروع کیا گیا ہے۔

Desk

TOSS

تلنگانہ اوپن اسکول سوسائٹی، ٹاس نے ایس ایس سی اور انٹرمیڈیٹ کورسس میں داخلوں کے لئے درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ میں توسیع کردی ہے۔ ٹاس کے ڈائرکٹر کے لنگیا نے بتایا کہ تعلیمی سال 27-2026 کے لئے مقررہ فیس کے ساتھ آن لائن درخواستیں یکم ستمبر سے 15 ستمبر تک وصول کی جائیں گی۔ اس سلسلہ میں تمام اضلاع کے محکمہ تعلیم کے عہدیداروں کو ہدایات جاری کردی گئی ہیں۔

Desk

Mahesh

تلنگانہ میں کانگریس حکومت کے ایک ہزار دن مکمل ہونے پر ٹی پی سی سی صدر مہیش کمار گوڑ نے عوام اور کانگریس کارکنوں کو مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ زرعی شعبہ پر ایک لاکھ 75 ہزار کروڑ روپے خرچ کئے گئے ہیں۔ مہیش کمار گوڑ نے بتایا کہ 20 ہزار کروڑ روپے سے زائد کی قرض معافی کے ذریعہ 25 لاکھ 35 ہزار کسانوں کو فائدہ پہنچا ہے۔ انہوں نے کہا کہ رعیّتو بھروسہ کی رقم بڑھا کر فی ایکڑ 12 ہزار روپے کردی گئی ہے۔ ’گروہا جیوتی‘ اسکیم کے تحت 200 یونٹ تک مفت بجلی اور 500 روپے میں گیس سلنڈرس فراہم کرنے کی اسکیمیں بھی نافذ کی جارہی ہیں۔

Desk

Ganesh

گنیش اتسو 2026 کی تیاریوں کے سلسلہ میں جی ایچ ایم سی کے مرکزی دفتر میں ایک رابطہ اجلاس منعقد ہوا۔ جی ایچ ایم سی کمشنر نے بھاگیہ نگر گنیش اتسو کمیٹی کے نمائندوں، حیدرآباد سٹی پولیس، واٹر بورڈ، ایچ ایم ڈی اے، ہائیڈرا، محکمہ بجلی سمیت مختلف محکموں کے عہدیداروں کے ساتھ اجلاس کیا۔ کمشنر نے بتایا کہ بالاپور سے ٹینک بنڈ تک گنیش جلوس کے راستے پر گنیش ایکشن ٹیم تعینات کی جائے گی۔ پولیس اور ہائیڈرا کے تعاون سے گنیش اتسو کو پرامن انداز میں منعقد کیا جائے گا۔ انہوں نے شہریوں سے شہر کے آبی وسائل کے تحفظ کے لئے مٹی سے بنی گنیش کی مورتیوں کا استعمال کرنے کی اپیل کی۔

Desk

Harish

ریاست میں خواتین کی حفاظت کے معاملہ میں حکومت کے رویہ پر بی آر ایس قانون ساز اسمبلی کے نائب قائد ہریش راؤ نے شدید اعتراض کیا ہے۔ گروکل میں تعلیم حاصل کرنے کے بعد نرس کی حیثیت سے خدمات انجام دینے والی ایک نوجوان خاتون کے تکوگوڑہ میں بہیمانہ قتل پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ قتل کے بعد عصمت دری کئے جانے کی اطلاعات تشویش ناک ہیں۔ ہریش راؤ نے الزام عائد کیا کہ کانگریس حکومت کے دور میں امن وامان کی صورتحال خراب ہوگئی ہے اور عوام کی جان ومال کا تحفظ خطرہ میں ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ محکمہ داخلہ کا قلمدان رکھنے والے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی اس صورتحال پر جواب دیں۔ انہوں نے واقعہ کی جامع تحقیقات کرانے اور ملزم کو فوری سزا دلانے کے لئے اقدامات کرنے کا مطالبہ کیا۔

Desk

Thummala

ریاستی وزیر زراعت تملا ناگیشور راؤ نے بتایا کہ اگری اسٹیک پر مبنی کھادوں کی تقسیم کے نظام میں پہلا سنگ میل مکمل کرنے پر مرکزی حکومت نے تلنگانہ کے لئے 175 کروڑ روپے کی ترغیبی رقم منظور کی ہے۔ مرکزی وزارت زراعت کی جانب سے آج جاری کئے گئے مکتوب میں کہا گیا ہے کہ ریاست نے مقررہ معیار مکمل کرلئے ہیں۔ یہ رقم ایس اے ایس سی آئی اسکیم کے تحت ڈیجیٹل زراعت کے شعبہ میں فراہم کی جائے گی۔ وزیر نے بتایا کہ کسان رجسٹری مکمل کرنے پر مرکزی حکومت پہلے ہی 424 کروڑ روپے کی ترغیبی رقم تلنگانہ کو فراہم کرچکی ہے۔ تملا ناگیشور راؤ نے کہا کہ ڈیجیٹل زراعت کے شعبہ میں تلنگانہ ملک میں سب سے آگے بڑھ رہا ہے۔

Desk

Damodara

ریاست کے سرکاری اسپتالوں میں فرٹیلیٹی اورآئی وی ایف خدمات کومزید وسعت دینے کے لئےطبی و صحت کے وزیر داموودر راج نرسمہا نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے۔سکریٹریٹ میں منعقدہ جائزہ اجلاس میں وزیر نے گاندھی اور پیٹلا برج کےآئی وی ایف مراکز میں اب تک 39 ہزار 802 افراد کو خدمات فراہم کیئے جانے کی تفصیلات حاصل کیں۔عہدیداروں نے بتایا کہ ریاست میں 477 اے آر ٹی اورسروگیسی مراکزموجود ہیں۔ان میں سے 379 مراکز کا معائنہ کیا گیا جن میں 50 مراکز میں بے قاعدگیاں پائی گئیں۔ دومراکز کی رجسٹریشن منسوخ کردی گئی جبکہ 9 مراکز کی اجازتیں عارضی طور پر معطل کردی گئی ہیں۔وزیر نے جنس کی تشخیص کی روک تھام کے لئے پی سی پی این ڈی ٹی قانون پرسختی سے عمل درآمد کرنے کی ہدایت دی۔

Desk

Postal

تلنگانہ پوسٹل سرکل کے زیر اہتمام یکم سے 3 ستمبر تک حیدرآباد میں دوسرے آل انڈیا پوسٹل پیرابیڈمنٹن اور پیراٹیبل ٹینس ٹورنمنٹ کا انعقاد کیا جائے گا۔تلنگانہ سرکل کے چیف پوسٹ ماسٹر جنرل ڈی ایس وی آر مورتی نے یہ اطلاع دی۔انہوں نے بتایا کہ معین آباد کے فائر فاکس اسپورٹس اینڈ ریزورٹس میں منعقد ہونے والی افتتاحی تقریب میں چیوڑلہ کے رکن پارلیمنٹ کونڈاوشویشور ریڈی مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے شرکت کریں گے۔ملک کی 11 ریاستوں سے 60 سے زائد پیرااتھلیٹس مختلف زمروں میں مقابلہ کریں گے۔ارجن ایوارڈیافتہ دیپتی جیوانجی اور درونا چاریہ ایوارڈیافتہ ناگپوری رمیش سمیت دیگرشخصیات بھی تین روزہ ٹورنمنٹ میں شرکت کریں گی۔مورتی نے معذور اتھلیٹس کی حوصلہ افزائی کے لئےعوام اورکھیلوں کے شائقین سے بڑی تعداد میں شرکت کرنے کی اپیل کی۔ Sound Byte : Murty

Desk

Dubey

وزارت خارجہ کی جوائنٹ سکریٹری الپنا دوبہ نے آج ریاستی وزیر آئی ٹی وصنعت ڈی سری دھر بابو سے خیر سگالی ملاقات کی۔ یہ ملاقات حیدرآباد کے سکریٹریٹ میں ہوئی۔

Desk

Committees

قانون ساز کونسل کی کمیٹیوں کا ابتدائی اجلاس آج قانون ساز کونسل کے اجلاس ہال میں منعقد ہوا۔ چیرمین گتا سکھندر ریڈی، اسمبلی اسپیکر گڈم پرساد کمار اور ڈپٹی چیرمین بندا پرکاش نے اجلاس میں شرکت کی۔ اس موقع پر تخمینوں کی کمیٹی، جنگلی حیات و ماحولیات کمیٹی، سہولیات کمیٹی اور لائبریری کمیٹی کے چیرمینوں اور ارکان کا خیر مقدم کیا گیا۔ چیرمین گتا سکھندر ریڈی نے کہا کہ کمیٹیوں کو عوامی رقومات کے موثر استعمال اور حکومت کی جانب سے نافذ کی جانے والی اسکیموں پر موثر عمل درآمد کو یقینی بنانے پر خصوصی توجہ دینی چاہئے۔

Desk

Revanth

حیدرآباد میں موسیٰ رام باغ ہائی لیول برج کا وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے کچھ دیر قبل افتتاح کیا۔ 52 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کئے گئے اس پل کو اس طرح ڈیزائن کیا گیا ہے کہ موسیٰ ندی میں ایک لاکھ 50 ہزار کیوسک تک سیلابی پانی آنے کی صورت میں بھی کوئی دشواری پیش نہ آئے۔ پل کی تعمیر سے عنبر پیٹ اور موسیٰ رام باغ کے درمیان آمد و رفت مزید بہتر ہونے کی توقع ہے۔

Desk

OO